نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب، احمد عزیز تارڑ کا ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کا دورہ۔تحقیقاتی سرگرمیوں اور زرعی منصوبہ جات کے حوالہ سے بریفنگ

لاہور30 ستمبر 2022:( ) سیکرٹری زراعت پنجاب، احمد عزیز تارڑ نے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں جاری تحقیقاتی سرگرمیوں کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ زرعی سائنسدان موسمیاتی تبدیلیوں کو مدنظر رکھ کر گندم، کپاس، دھان، مکئی، کماد، پھلوں، سبزیوں اور دالوں کی نئی اقسام پر تحقیق کے عمل میں تیزی لائیں اور فصلوں کی ایسی نئی اقسام اور جدید پیداواری ٹیکنالوجی متعارف کروائیں جس سے کم زرعی مداخل کے استعمال سے فی ایکڑ زیادہ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔انہوں نے زرعی سائنسدانوں پر زور دیا کہ وہ زرعی تحقیقی منصوبوں کے مقررہ اہداف جلد مکمل کریں اور ان کے ثمرات سے کاشتکاروں کو مستفید کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ہائی ویلیو کراپس بالخصوص نئے پھل دار پودے بلیک بیری، ایوکیڈو، لیچی، چیکو، کھجور، آڑو اور پھولوں ک نئی اقسام کی تیاری اور انکی شیلف لائف بڑھانے کیلئے تحقیقی عمل تیز کیا جائے تا کہ انکی ایکسپورٹ میں اضافہ کیا جا سکے اور قیمتی زرمبادلہ کا حصول ممکن بنایا جا سکے۔ اُنھوں نے تحقیق کے کام کو سراہتے ہوئے اس کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کی۔سیکرٹری زراعت، پنجاب نے موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق نئی منافع بخش فصلوں کی کاشت کو فروغ دینے پر زور دیا اور کاشتکاروں کی فلاح کیلئے مزید اقدامات کرنے کی ہدایت کی تا کہ کاشتکاروں کی آمدن میں اضافہ ہو سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ زرعی سائنسدانوں کے تمام بنیادی مسائل حل کروانے کی پوری کوشش کریں گے اور زرعی سائنسدانوں کیلئے میرے دروازے ہروقت کھلے ہیں اور زرعی سائنسدانوں کی فلاح و بہبود کیلئے ایک کمیونٹی سنٹر کا قیام عمل میں لانے کا عندیہ دیا۔انہوں نے مزید کہا کہ گندم، کماد، ترشاوہ اور دیگر فصلات کی تیارکردہ اقسام بے مثال ہیں لہذا ان تمام اقسام کے معیاری بیج کاشتکاروں کی دہلیز تک پہنچائیں جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ سیلابی صورتحال اور موسمیاتی تبدیلیوں کا سامنا کرنے کیلئے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے اور گندم کی زیادہ رقبہ پر بروقت کاشت کیلئے کاشتکاروں کی رہنمائی کی جائے اس بریفنگ میں چیف سائنٹسٹ زراعت (ریسرچ)، پنجاب، محمد نواز خاں میکن نے مختلف زرعی شعبہ جات میں جاری زرعی تحقیقی سرگرمیوں بارے تفصیلاً بریفنگ دی اور بتایا کہ زرعی سائنسدان موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے نمٹنے کیلئے زرعی تحقیق کے عمل میں جدت لائے ہیں جس کے حوصلہ افزاء نتائج حاصل ہورہے ہیں۔ان زرعی تحقیقی نتائج سے کاشتکاروں کے پیداواری اخراجات میں کمی کے ذریعے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا۔کاشتکاروں کی معاشی خوشحالی ہمارا اولین فریضہ ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ پنجاب کے کل زیرکاشت رقبہ پر دھان کی 100 فیصد، گندم کی 99 فیصد اور کماد کی 84 فیصد ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کی متعارف کردہ اقسام کاشت ہورہی ہیں۔انھوں نے کہا کہ فصلوں کی منافع بخش کاشت کے ذریعے نہ صرف زرعی خودکفالت کا حصول ممکن ہوگا بلکہ قیمتی زرمبادلہ کے حصول سے ملکی معیشت بھی مستحکم ہوگی۔

☆☆☆☆